گروپ ورک کے لئے سوالات

ہنگامی تدابیر پر بات چیت — گفتگو کے لئے سوالات:

"بچاؤ کی" تدابیر

ہنگامی خلاف ورزیاں ایسی خلاف ورزیاں ہیں جو مخصوص مقامات پر مخصوص لوگوں کو ایک خاص وقت پر متاثر کرتی ہیں، مثال کے طور پر نفرت انگیز تقریر، سڑکوں پر ہراساں کرنا، عبادت گاہوں کی توڑ پھوڑ، پولیس کی ہراسانی یا من مانی گرفتاریاں۔

- کیا ہم اپنی برادری میں (سرکاری، نجی یا آن لائن) "ہنگامی" خلاف ورزیاں ہوتے دیکھ رہے ہیں؟
- کیا وہ متوقع جگہوں پر اور متوقع مواقع پر ہوتی ہیں جیسے آن لائن، سڑک پر، عبادت گاہوں میں، تھانوں میں، مذہبی تہواروں کے سلسلے میں؟
- ایسے اقدامات کے بارے میں سوچیں اور مشاورت کریں جو ہماری کمیونٹی میں ‹ہنگامی› خلاف ورزیوں کو روکنے کے لئے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ کیا ہم انفرادی طور پر کچھ کر سکتے ہیں، کیا ہم گروپوں یا تنظیموں کے ساتھ مل کر کچھ کر سکتے ہیں، یا ہم دوسروں کو ترغیب دے سکتے ہیں جیسے مقامی حکام یا پولیس کو کہ وہ ایسے اقدامات کریں؟ اپنی عملی تجاویز کو کاغذ پر لکھیں (ایک کاغذ پر ایک سوال)۔

ہینڈ آؤٹ | سیشن 6

گروپ ورک کے لئے سوالات

ہنگامی تدابیر پر بات چیت — گفتگو کے لئے سوالات:

"روکیں اور محفوظ بنائیں" تدابیر

ہنگامی خلاف ورزیاں ایسی خلاف ورزیاں ہیں جو مخصوص مقامات پر مخصوص لوگوں کو خاص وقت پر متاثر کرتی ہیں، مثال کے طور پر نفرت انگیز تقریر، سڑکوں پر ہراساں کرنا، عبادت گاہوں کی توڑ پھوڑ، پولیس کی ہراسانی یا من مانی گرفتاریاں۔

- کیا ہم اپنی کمیونٹی میں (سرکاری، نجی یا آن لائن) "ہنگامی" خلاف ورزیاں ہوتے دیکھ رہے ہیں؟
- کیا ہم ان میں سے کسی بھی خلاف ورزی کو روکنے یا لوگوں کو بچانے کے لئے مداخلت کر سکتے ہیں؟ مداخلت کرنا کب محفوظ ہے اور ہم مداخلت کیسے کر سکتے ہیں؟
- ہمیں کب خود مداخلت نہیں کرنی چاہئے بلکہ صرف مدد کے لئے پکارنا چاہئے اور لوگوں کو خبردار کرنا چاہئے؟
- ایسے اقدامات کے بارے میں سوچیں اور مشاورت کریں جو ہماری کمیونٹی میں ‹ہنگامی› خلاف ورزیوں کو روکنے کے لئے استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ کیا ہم انفرادی طور پر کچھ کر سکتے ہیں، کیا ہم گروپوں یا تنظیموں کے ذریعے مل کر کچھ کر سکتے ہیں، یا یہ کہ ہم دوسروں کو ترغیب دے سکتے ہیں جیسے مقامی حکام یا پولیس کو کہ وہ ایسے اقدامات کریں؟ اپنی عملی تجاویز کو کاغذ پر لکھیں (ایک کاغذ پر ایک سوال)۔

گروپ ورک کے لئے سوالات

ہنگامی تدابیر پر بات چیت – گفتگو کے لئے سوالات:

مدد کے لئے بلائیں / خبردار کریں" تدابیر

ہنگامی خلاف ورزیاں ایسی خلاف ورزیاں ہیں جو مخصوص مقامات پر مخصوص لوگوں کو خاص وقت پر متاثر کرتی ہیں، مثال کے طور پر نفرت انگیز تقریر، سڑکوں پر ہراساں کرنا، عبادت گاہوں کی توڑ پھوڑ، پولیس کی ہراسانی یا من مانی گرفتاریاں۔

– کیا ہم اپنی کمیونٹی میں (سرکاری، نجی یا آن لائن) "ہنگامی" خلاف ورزیاں ہوتے دیکھ رہے ہیں؟

– ہمیں اپنے یا دوسروں کے لئے کس صورت حال میں کسی کو مدد کے لئے بلانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے؟ کس کی مدد سے فرق پڑے گا؟ ان سے کون رابطہ کر سکتا ہے، اور کیا ہم جانتے ہیں کہ ان سے کیسے رابطہ کرنا ہے؟ کیا ہمارا ان کے ساتھ کوئی تعلق ہے تاکہ ہم ان سے آسانی سے رابطہ کر سکیں؟

– ایسے اقدامات کے بارے میں سوچیں اور مشاورت کریں جو مدد طلب کرنے اور ہنگامی صورت حال پیدا ہونے پر لوگوں کو خبردار کرنے کو یقینی بنانے کے لئے کیے جا سکتے ہیں۔ کیا ہم انفرادی طور پر، گروپوں یا تنظیموں کے ساتھ مل کر کچھ کر سکتے ہیں؟ کیا ہم دوسروں کو ترغیب دے سکتے ہیں جیسے مقامی حکام یا پولیس کو کہ وہ ایسے اقدامات کریں؟ اپنی عملی تجاویز کو کاغذ پر تحریر کریں (ایک کاغذ پر ایک سوال)۔